# Auction Notice

## Oat Grains Auction at LES-Farm

پنجاب لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ (پی ایل ڈی ڈی بی) کے پاس خضر آباد، سرگودھا میں جئی کی فصل کے بیج تقریباً 285 من موجود ہےجسے ادارہ درج ذیل شیڈول کے مطابق نیلام عام کرے گا۔ نیلامی میں درج ذیل شرائط و ضوابط کے مطابق حصہ لیا جا سکے گا۔

### نیلامی کی تفصیل

مختلف شعبہ سے وابستہ افراد و ٹھیکیدار حضرات نیلامی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

**شرائط و ضوابط**

1. بولی دہندہ کو بولی میں حصہ لینے سے قبل 200,000 روپے بطور زرِ ضمانت (قابل واپسی) جمع کروانا ہو گی ۔
2. بولی سے قبل جئی کی فصل کے دانے کا معائنہ فارم ( چک نمبر 60 شمالی) لائیوسٹاک ایکسپیریمنٹ اسٹیشن، خضر آباد ، سرگودھا) پرکیا جاسکتا ہے۔ بعد ازاں ادارہ کسی قسم کا عذر قبول نہیں کرے گا۔
3. جئی کی فصل کے دانے جیسے ہے، جہاں ہے کی بنیاد پر نیلام کی جائے گی۔
4. تمام ٹیکسز بشمول انکم ٹیکس / سیلز ٹیکس گورنمنٹ کے مروجہ قوانین کے مطابق نافذ العمل ہو گا جو بو لی دہندہ ادا کرے گا۔
5. بولی میں شرکت کے لئے ایکٹیو ٹیکس پئیر ہونا لازم ہوگا۔
6. کامیاب بولی دہندہ بولی کی کل قیمت کا ایک 1/4 حصہ (ناقابل واپسی) موقع پر جمع کروائے گا اور بقایا رقم 15 دن کے اندر اندر جمع کروانی ہو گی، بصورتِ دیگر زرِ ضمانت ضبط کر لی جائے گی اور متعلقہ نیلامی منسوخ کر دی جائے گی۔
7. بولی کے دوران تمام معاملات کا حتمی فیصلہ کمیٹی کا ہو گا جسے بولی دہندہ کو قبول کرنا ہو گا۔
8. بولی دہندہ کو بولی میں حصہ لینے کے لیے نیلامی سے قبل ایک اسٹامپ پیپر جمع کروانا ہوگا، جس پر یہ تحریر ہو کہ وہ کسی سرکاری، غیر سرکاری یا نیم سرکاری ادارے کی بلیک لسٹ میں شامل نہیں ہے۔ اگر بعد میں یہ بات سامنے آئی تو ادارہ متعلقہ بولی دہندہ کو فوراً ڈسکوالیفائی کر دے گا۔
9. جئی کی فصل کے دانے قابل قبول قیمت نہ لگنے یا بولی کے منسوخ ہونے یا کسی بھی اختلاف رائے کی صورت میں جناب چیف ایگزیکٹو آفیسر پی ایل ڈی ڈی بی کا فیصلہ حتمی ہوگاجسکے خلاف کوئی بھی قانونی چارجوئی نہ کی جا سکےگی

**تاریخ و وقت نیلامی:**

جئی کی فصل کی نیلامی **بروز منگل ، 2 جون 2026 ، دن 11 بجے** تجرباتی فارم ، خضر آباد ، سرگودھا میں ہو گی ۔
اگر کسی وجہ سے نیلامی مکمل نہ ہو سکے تو **دوبارہ نیلامی 5 جون بروز جمعہ 2026 اور 9 جون بروز منگل 2026** کو اسی مقام **صبح 11:00** پر منعقد کی جائے گی۔

پنجاب لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڑ
18کلومیٹر شاہ پورکانجراں،ملتان روڈ، لاہور

**سینیر مینیجرآپریشنز 0327-8888082** :فون
**ایگری کلچر مینیجر 0327-8888089** :فون